International Research Journal of Arabic and Islamic Studies, Vol.:03, Issue: 01,Jan-June 2023
PP: 62-85

OPEN ACCESS
IRJAIS
ISSN (Online): 2789-4010
ISSN (Print): 2789-4002
www. irjais.com

ٹرانس جینڈر ایکٹ ۲۰۱۸ کا ایرانی آئین کی روشنی میں تحقیقی جائزہ

A Research Review of Transgender Act 2018 in the Light of Iranian Constitution

Syeda Shumaila Rubab Rizvi
Shah Abdul Latif University Khairpur Mir's Sindh
***Email:** shumaila.rubab@salu.edu.pk*

Abstract

"So we made the upper part of that settlement its lower part (i.e. uprooted it from the ground, then turned it upside down and struck it on the ground) and on those people of a shower of pebbles "This god-dand scholar is referring to the overturning of which town and why? The answer is that it was the abominable act of homosexuality on which not only God the Almighty was angry, but also his lover (peace be upon him) was most concerned about it and he (peace be upon him) said:"What I fear more than the destruction of my people is the action of the people of Lot" From the point of view of Islam, homosexuality is considered one of the major sins and from the point of view of jurisprudence, it has been declared haram and severe punishments have been prescribed for it. Transgender is actually a modern name for the promotion of homosexuality, as well as completely contrary to Islamic teachings and jurisprudence. In fact, it is the name of a collection of unnatural ideas that are similar to competing with God, interfering in the system of God. There is no place for homosexuality in our

CC BY

Islamic teachings, cultural traditions and social values. It is such an undesirable practice that it will have very bad and fatal effects on both individual and collective life. In which problems such as family life, legal inheritance, veiling and mixing between men and women come up. Nevertheless, in the name of the Transgender Bill in the Islamic State, homosexuality has been permitted under the guise of transgender rights. Passing this bill means that it is a clear violation of the laws of God, a clear denial of the Muhammadan Sharia and the implementation of the Western system, the destruction of the sanctity of the relationships of the young generation, the increase in the rate of incurable AIDS, public obscenity, prisons. , Dar al-Oman and the deterioration of the environment of such institutions, change of gender for no reason, protectors and helpers in popularizing adultery, inviting divine punishment. Submit a new bill. Make possible the immediate Islamic amendments in this bill so that the rights and protection of transgender are truly possible. Because of the bill that will cause mischief on earth, God bless us and our nation to fail this bill. May Allah grant us the opportunity to raise our voice in the effort and awaken the people.

***Key Words**: Neutral, Mischievous, Transgender, Constitution, Change.*

موضوع کا تعارف

جیسا کہ ہمارا موضوع تحقیق ٹرانس جینڈر ایکٹ ۲۰۱۸ کا ایرانی آئین کی روشنی میں تحقیقی جائزہ ہے تو اس موضوع پر تحقیق سے قبل ہمیں سب پہلے ٹرانس جینڈر کے بارے میں مکمل شناسی لازمی ہے ساتھ ہی ساتھ سے ۲۰۱۸ ایکٹ کی بھی بھرپور جانکاری ضروری ہے اور اس سے جڑا اہم نکتہ ایرانی آئین ہے جس کا معلوم ہونا بھی اہم ہے کیونکہ یہ تمام معلومات ہی آپ کو اس پست ترین گناہ سے عملی طور پر محفوظ رکھ سکیں گے کیونکہ یہ درست ہے کہ دل و دماغ میں وسوسہ یا برے خیالات کا آنا قابل گناہ یا جرم نہیں لیکن ایسے خیالات کو عمل کرنے سے روکنا لازم ہے اسلئے اسلامی تعلیمات میں اسے روکنے کی تدابیر بتائی گئی ہیں مثلاً اگر انسان غصہ کی حالت میں ہو تو ایسے شخص کے لئے شریعت نے حکم دیا ہے وہ اس غصہ کو ظاہر کرنے کے بجائے اس کڑوے گھونٹ کو پی جائے جس کے لئے ایک تمرینی نکتہ یوں بیان کیا گیا ہے کہ اگر ایسا شخص لیٹا ہوا ہے تو اسے چاہیے کہ وہ بیٹھ جائے، اگر بیٹھا ہوا ہے تو اسے چاہیے کہ کھڑا ہو جائے دیگر یہ کہ وضو کرلے اور پانی پی کر اپنے اس خیال کو ختم کرلے بہر حال یہ بات

واضح ہے کہ ایسے خیالات کو ظاہر کرنے کے بجائے ان سے بچنے کا حکم دیا گیا ہے خدا نے قرآن میں فرمادیا کہ :

فَجَعَلْنَا عَالِيَهَا سَافِلَهَا وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِمْ حِجَارَةً مِّن سِجِّيلٍ "

"پس ہم نے اُس بستی کا اُوپری حصہ اُس کا نچلا حصہ بنادِیا (یعنی اُسے زمین سے اکھاڑ کر، پھر اُلٹا کر کے زمین پر مار دِیا) اور اُن لوگوں پر

کنکروں کی بارش کی"(1)

یہ خداوند عالم کس بستی کے الٹانے کا ذکر فرمارہا ہے اور کیوں؟ جواب عرض ہے کہ یہ وہ گھناؤنا عمل ہم جنس پرستی تھا جس پر نا صرف خداوند عالم غضبناک ہوا بلکہ اس کے حبیب ﷺ کو بھی سب سے زیادہ اس بات کی فکر تھی اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ

"مجھے اپنی قوم کی بربادی کا جس چیز سے زیادہ خوف ہے وہ قوم لوط کا عمل ہے۔"(2)

مِن شَرِّ الوَسوَاسِ الْخَنَّاسِ° اَلَّذِیْ یُوَسوِسُ فِیْ صُدُورِ النَّاسِ° مِنَ الْجِنَّة وَالنَّاسِ

"یعنی پناہ طلب کرو شیطانی وسواس کے شر سے جو خدا کا نام سن کر پیچھے ہٹ جاتا ہے اور وہ لوگوں کے دلوں میں وسوسہ پیدا کرتا ہے

وہ جنات میں سے ہو یا انسانوں میں سے۔"(3)

پس شریعت میں ایسے وسوسوں سے بچنے کی ترغیب دی ہے اور ساتھ ہی ان سے پناہ طلب کرنے کا حکم دیا ہے لہٰذا معلوم ہوا کہ یہ وسواس کسی گناہ کے ارتکاب کا یا کسی ناجائز کام کے جواز کا سبب نہیں بن سکتا، اگر کسی شخص کا دل کرے کہ وہ جو جنس رکھتا ہے اسے مکمل طور پر تبدیل کرکے مرد عورت میں اور عورت، مرد میں تبدیل ہو جائے یہ قطعاً جائز نہیں! یہ دراصل اپنے خواہش نفس کی پیروی کرنا اور ایسا عمل کرنا نظام خدا میں چھیڑ چھاڑ کرنے کے مترادف ہے۔ بارہا مقامات جیسے سورہ نازعات ۴۰، سورہ ص ۲۶، سورہ قصص ۵۰، سورہ مائدہ ۷۷، سورہ اعراف ۷۶ امیں خداوند متعال نے خواہش نفس کی پیروی کو گمراہی، ظلم و ہلاکت کے مترادف قرار دیا ہے۔ یہ نفس انسان کو ہمیشہ برائی کی طرف رغبت دلانے کی کوشش کرتا رہتا ہے جس کی طرف خدا نے اشارہ فرمایا کہ

اِن النفس لَاَمارۃ بِالسُّوءِ بے شک یہ نفس تو برائیوں کا ہی حکم دیتا ہے (4)

مزید فرمایا کہ :

"فَاَلْہَمَہَا فُجُورَہَا وَتَقوٰیہَا" پھر اس (نفس) کو بدکاری سے بچنے اور پرہیزگار بننے کی سمجھ دی۔"(5)

پس یہ لفظ ٹرانس (Trans) درحقیقت کسی ایک صفت سے دوسری میں منتقل ہونے کا نام ہے۔ ٹرانس جینڈر فقط جنس کی تبدیلی کا نام ہے، اس میں اپنے جینڈر (صنف) کو بدلنے والا شمار ہوگا جو دو جینڈر والا ہو یعنی مردانہ و زنانہ مشترکہ صفات ہوں وہ اس میں شمار نہیں ہے۔ پس اپنی خواہش کے مطابق اپنی جنس کو تبدیل کرنا ٹرانس جینڈر کہلاتا ہے جو قطعاً جائز عمل نہیں جو

عقل و فطرت کے خلاف عمل ہے۔ اگر عقل سے اس عمل کے بارے میں سوال کیا جائے تو جواب یقیناً منفی میں ملے گا۔ آپ خود بتائیے کیا آپ اپنے ہاتھ کو کاٹ سکتے ہیں؟ یا آپ خود کو مار سکتے ہیں؟ قطعاً نہیں فطرتاً انسان درد سے اور ایسی چیزوں سے دوری اختیار کرتا ہے پس اگر اس کے پیچھے کی علت کو دیکھیں تو وجہ یہی پائیں گے چونکہ یہ بدن ہمارا اپنا نہیں، ہم اس کے مالک نہیں اسی بناپر ہمیں یہ حق حاصل نہیں کہ ہم اسے کسی قسم کا نقصان پہنچائیں یا اس میں کوئی ردوبدل کریں۔ خداوند عالم نے سورہ ناس میں فرمایا مَلِکِ النَّاسِ یعنی وہی انسانوں کا مالک ہے۔ اسی کو اس بدن کی ملکیت حاصل ہے وہی بتائے گا کہ آپ اس جسم کے ساتھ کیا کرسکتے ہیں کیا نہیں! چاہے یہ اعضاء آپ کے ہے اور ان کے کاٹنے اور تکلیف دینے سے درد بھی آپ ہی کو ہوگا اور اس کاٹنے سے آپ ہی کا خون بہے گا لیکن پھر بھی خدا نے فرمایا کہ تم نہیں کرسکتے، گناہ ہے۔ پس ملکیت پروردگار کے ساتھ کھیلا یا چھیڑا نہیں جاسکتا۔ جب ایک چھوٹی سی چیز اس بدن کے ساتھ نہیں کی جاسکتی تو پھر مکمل جنس کا تبدیل کردینا یعنی مرد اپنی خواہش کے مطابق عورت اور عورت اپنی خواہش کے مطابق مرد میں تو قطعاً تبدیل نہیں ہوسکتی یہ شرعاً، عقلاً و فطرتاً جائز نہیں؛ اگرچہ یہ ایکٹ خنثی کی آڑ میں پاس کیا گیا لیکن اس کے لئے جو انگریزی لفظ کا استعمال کیا گیا اس سے یہ بلکل واضح ہوتا ہے کہ مرد و خواتین اپنی خواہش نفس کے مطابق اپنی جنس کو تبدیل کرنے کا حق رکھتے ہے یہاں خنثی کا کوئی دخل نہیں! تعلیمات اسلام و شریعت ایسے اشخاص کہ جو بدنی طور پر مرد اور ذہنی و فطری طور پر عورت ہو اور اس کے برعکس جو بدنی طور پر عورت اور ذہنی طور مرد ہو ان کے لئے علاج کرنے سے منع نہیں فرمایا ایسے اشخاص اگر میڈیکلی اپنی اس کمی و عیب کو درست کرسکتے ہے تو ان کے لئے علاج و درمان کرنے سے شریعت نے منع نہیں فرمایا بلکہ علاج کرنا تو لازم قرار دیا گیا ہے اس کے برعکس مکمل جنس کی تبدیلی اسلامی تعلیمات کی رو سے تمام مکاتب فکر میں سختی سے ممنوع و حرام کا درجہ رکھتی ہیں ہم ایرانی آئین یعنی فقہ اثناء عشری کی روشنی میں ایک تحقیقی جائزہ پیش کریں گے۔

ٹرانس جینڈر اور خنثی کا فرق

ٹرانس جینڈر اصل میں دو الفاظوں کا مجموعہ ہے، ٹرانس (Trans) یعنی تبدیل کرنا/بدلنا۔ جینڈر (Gender) یعنی جنس۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی تخلیق کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے شروع کیا جن میں بنی نوع انسان کی دو واضح اصناف (مرد اور عورت) کے علاوہ ایک اور صنف پائی جاتی ہے جو بظاہر تو مکمل انسان ہوتے ہیں مگر صنفی اعتبار سے نامکمل مرد ہوتا ہے اور نامکمل عورت جسے، ہیجڑا، کھسرا، خنثی، خواجہ سراء یا تیسری جنس اور (Intersex) کہا جاتا ہے۔ مگر جو پیدائشی طور پر مکمل مرد اور مکمل عورت ہونے سے محروم ہیں وہ بھی اشرف المخلوقات ہیں وہ بھی اس عزت کے حقدار ہیں جو دوسرے عام انسانوں کا حق ہے، اللہ پاک نے سب کو ان کے حساب سے شرعی حق اور شرعی احکام دیئے ہیں۔ خواجہ سرا یا مخنث ایک قابل رحم اور قابل توجہ جنس ہے۔ ظاہر ہے کہ ان کی تخلیق میں ان کا اپنا کوئی کردار یا اپنی کوئی خامی نہیں وہ بھی رب العالمین کی مخلوق ہیں اور اس لحاظ سے بدقسمت ہیں کہ ان کی پیدائش کے بعد سے ہی ان پر گھر والوں کی محبتوں اور توجہ کے دروازے بند ہو جاتے ہیں۔ بہن بھائیوں میں وہ اچھوت بن جاتے ہیں۔ باپ اور دیگر رشتے دار ان کی وجہ سے شرمندہ سے رہتے ہیں۔ ایسے بچے کسی حد تک ماں کا

پیار تو سمیٹتے ہیں، لیکن وہ تعلیمی اداروں میں جا سکتے ہیں نہ اپنی خاندانی تقریبات میں شامل ہوتے ہیں۔ گھروں میں ان کو علیحدہ رکھا جاتا ہے۔ بڑے ہوں تو ان پر صرف ناچ گانے یا بھیک مانگنے کا ہی راستہ کھلا رکھا جاتا ہے۔ عرف عام میں لفظ ٹرانز مجموعی طور پر ایسے افراد کو بیان کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے جن کی موجودہ جنسی شناخت اور/یا جنسی اظہار ان کی پیدائش کے وقت کی جنس سے مختلف ہو جبکہ ایسا نہیں ہے ٹرانس جینڈر ایک مغربی اصطلاح ہے اور یہ ایک پوری تہذیب کی نمائندگی کرتی ہے۔ اس تہذیب کا نام LGBT ہے اس کا کیا مطلب ہے لیسبین، گے، بائی سیکشول، ٹرانز سیکسول۔ لیسبین یعنی عورت سے عورت کا جسمانی تعلق، گے یعنی مرد سے مرد کی وابستگی، بائی سیکشول یا دونوں جنس سے مراد وہ لوگ جو دونوں مرد اور عورت کے ساتھ جنسی تعلقات رکھنا چاہتے ہیں، ٹرانس جینڈر کا مطلب وہ لوگ جو پہلے سے ایک مکمل جنسی شناخت رکھتے ہیں اسکے باوجود خواہش رکھنا کہ مستقل طور پر جنس کو تبدیل کریں۔

L=stand for lesbian
G=stand for gay
B=stand for bisexual
T=stand for transgender(6)

یہاں دو مختلف الفاظ کے معانی سمجھنا نہایت ضروری ہے. ان میں سے پہلا لفظ ٹرانس جینڈر (transgender) جبکہ دوسرا انٹر سیکس (intersex) ہے.

انٹر سیکس کی چار اقسام ہیں.

اگر ہم شرعیت کی نظر سے بیان کریں تو مخنث کی دو اقسام ہیں اول خنثی مشکل اور دوم خنثی غیر مشکل۔ ہم تحقیق نظریہ کے مطابق اس کی اقسام بیان کرتے ہیں۔

۱-وہ بچے جن کے جنسی اعضاء نہیں بڑھتے، جس کی وجہ سے وہ شادی کے قابل نہیں ہوتے . یہ نقص لڑکا اور لڑکی دونوں میں پایا جاسکتا ہے. اعضائی نقائص کے حامل بچوں میں سے ایسے بچوں کی تعداد صرف دو فیصد ہے.

۲-وہ بچے جن میں بیک وقت مرد و عورت دونوں کے پوشیدہ اعضاء ہوتے ہیں. ان کے لیے ٹیسٹ کا طریق کار اپنایا جاتا ہے. جس کے نتیجے میں یہ علم ہو جاتا ہے کہ دونوں میں سے کون سا عضو زرخیزی لیے ہوئے ہے اور کون سا عضو بے کار ہے. جو بھی عضو زرخیزی کے قابل نہ ہو اسے آپریشن کے ذریعے ختم کر دیا جاتا ہے. اس کے نتیجے میں خود بخود جنس بھی متعین ہو جاتی ہے. اس سب کے بعد ایسے بچے دیگر بچوں جیسے نارمل اور بے نقص ہو جاتے ہیں.

۳-وہ بچے جن کا بظاہر عضو واضح نہیں ہوتا مگر حقیقت میں داخلی طور پر ان میں uterus (بچہ دانی) اور ovary (بیضہ دانی) جیسے اعضاء موجود ہوتے ہیں. سرجری کے بعد وہ نارمل لڑکی بن جاتے ہیں. اعضائی نقائص کے حامل بچوں میں سے ایسے بچوں کی تعداد اٹھانوے فیصد ہوتی ہے.

۴-ایسے بچے جن کی پیدائش کے وقت چھوٹا سا سوراخ یا ہلکا سا ابھار ہوتا ہے. ایسے بچوں کے بارے میں ان کی ماؤں

سمیت دیگر اہلِ خانہ شدید کنفیوژن اور تذبذب کا شکار ہوتے ہیں. کچھ اپنی دانست میں انہیں بیٹا قرار دیتے ہیں اور کچھ بیٹی. بسااوقات ہوتا یہ ہے کہ والدین ایک بچے کو بیٹی سمجھ کر پرورش کر رہے ہوتے ہیں جبکہ وہ حقیقت میں بیٹا ہوتا ہے. بعض اوقات والدین ایک بچے کو بیٹا سمجھ کر پال رہے ہوتے ہیں مگر وہ حقیقت میں بیٹی ہوتی ہے. وقت کے ساتھ ساتھ بچے خود کو وہی صنف سمجھنے لگتے ہیں جو ان کے والدین اور اہلِ خانہ طے کرتے ہیں.

ٹیسٹ پراسس کے بعد ڈاکٹر یہ طے کرتا ہے کہ وہ لڑکا ہے یا لڑکی. جنس کے تعین کے بعد مختلف طرح کی ہارمون تھراپی اور انجیکشنز کے بعد جنسی عضو ڈیویلپڈ ہوتا ہے. اس کے بعد متعدد آپریشنز کیے جاتے ہیں. جن کے نتیجے میں وہ نارمل لڑکا یا لڑکی بن جاتے ہیں.

اگر انٹر سیکس علاج سے محروم رہ جائے تو معاشرے میں اسے جسمانی نقائص کی وجہ سے تضحیک، ٹھٹھول اور تمسخر کا سامنا کرنا پڑتا ہے. یہ وہ طبقہ ہے جو رحم، حسنِ سلوک اور اچھے رویے کا متقاضی ہوتا ہے. اس طبقے کے حقوق کے قانونی تحفظ کے لئے کوشش کی ضرورت ہے.

دوسرا لفظ Transgender ہے. ٹرانس جینڈر پیدائش کے وقت سو فیصد نارمل ہوتا ہے. لڑکا ہے تو مکمل لڑکا اور لڑکی ہے تو مکمل لڑکی. کچھ عمر گزرنے کے بعد انہیں ایک نفسیاتی بیماری لاحق ہوجاتی ہے جسے جینڈر ڈس فوریا (gender dysphoria) کہا جاتا ہے. اس بیماری کے زیرِ اثر وہ خود کو مختلف جنس سمجھنے لگتے ہیں. لڑکا ہے تو خود کو لڑکی جبکہ لڑکی ہے تو خود کو لڑکا سمجھنے لگتی ہے. ایسے لوگوں کا نفسیاتی طور پر علاج کیا جاتا ہے. جس کے بعد وہ نارمل زندگی کی طرف لوٹ آتے ہیں. حاصل گفتگو یہ ہے کہ ٹرانس جینڈر بنیادی طور پر عام انسانوں کی طرح نارمل اور جسمانی نقائص سے مبرا جبکہ انٹر سیکس جسمانی نقائص لے کر پیدا ہوتا ہے. لگے ہاتھوں یہ بھی معلوم ہوا کہ ہمارے ہاں جسے ہیجڑا، خواجہ سرا یا مخنث کہا جاتا ہے وہ دراصل انٹر سیکس ہے نہ کہ ٹرانس جینڈر. ان تفصیلات کی روشنی میں بآسانی نتیجہ نکالا جاسکتا ہے کہ اصل میں تحفظ کی ضرورت انٹر سیکس (ہیجڑا، مخنث، خواجہ سرا) کو ہے نہ کہ ٹرانس جینڈر کو کیونکہ انٹر سیکس کو ہی معاشرے میں برے رویے کا نشانہ بنایا جاتا ہے. ٹرانس جینڈر جسمانی طور پر نارمل ہونے کی وجہ سے تمسخر اور استہزا اڑائے جانے سے محفوظ رہتا ہے (7).

ٹرانس جینڈر ایکٹ ۲۰۱۸ کی حقیقت

قربِ قیامت کی علامتوں میں سے ایک علامت یہ تھی کہ فتنے اس طرح ٹوٹ کر گریں گے جیسے ٹوٹی ہوئی تسبیح کے دانے۔ یعنی ایک کے بعد ایک فتنے سر اٹھاتے چلے جائیں گے اور ہم انہی میں الجھ کے رہ جائیں گے۔ آج کی طرح ہر فتنے کے لیے ایک دلیل ہوگی اور فتنوں کو تحفظ دینے کے لیے قانون سازی ہوگی تو وہ قانون سازی کبھی فیمینزم کو پروموٹ کرنے کے لیے ہے، تو کبھی تیسری جنس کے تحفظ کے لیے اور یہ گلوبل ویلج تو ہم جنس پرستوں کے تحفظ کے لیے خم ٹھوک کر میدان میں آگیا ہے ہم محض تماش بین ہیں۔ اقوام متحدہ کے ایجنڈے کے تحت ہماری شریعت سے سراسر متصادم قوانین بن جاتے ہیں۔ ہم کچھ احتجاج ریکارڈ کرا دیتے ہیں، لیکن ہوتا وہی ہے جو وقت کے فرعون چاہتے ہیں۔ خدا کی خدائی کو چیلنج کرنا اس وقت کے فرعونوں کا سب سے بڑا ایجنڈا ہے۔ قوموں کی تاریخ گواہ ہے کہ جب وہ قوانینِ فطرت سے بغاوت کرتی ہیں تو تباہ ہوجاتی ہیں۔ اللہ پاک نے

مرد اور عورت کے علاوہ ایک تیسری جنس بنائی، بالکل ایسے ہی جیسے کسی کو بینائی سے محروم رکھا کسی کو سماعت سے، کچھ بچے ذہنی معذور ہوتے ہیں، کیوں ہوتے ہیں؟ اللہ پابند نہیں ہے کہ ہمارے اس کیوں کا جواب دے۔ جب سے دنیا قائم ہے یہ تیسری جنس بھی ہے، لیکن ہزاروں میں کوئی ایک ہی ہوتا ہے۔ یہ جو ہر چوک چوراہے پر درجنوں خسرے موجود ہیں اللہ نے یہ جنس کبھی اتنی وافر نہیں بنائی۔ یہ ناخواندہ نوجوان جو اپنے آپ کو اس روپ میں پیش کر کے ہاتھ پھیلا کر کھڑے ہو جاتے ہیں۔ اگر ملازمتیں ان کے لیے نہیں ہیں تو ملازمتیں تو پڑھے لکھے نوجوانوں کے لیے بھی نہیں ہیں۔ ان کے ذہن میں بھیک مانگ کر کھانا ہی کیوں آتا ہے؟ کوئی فلمی اداکارہ سر عام وہ فحش حرکات نہیں کر سکتی جو یہ کرتے پھرتے ہیں۔ کیا ان کی الگ کالونی ہونا چاہیے؟ کیوں؟ یہ جس خاندان کے فرد ہیں وہ ان کو تحفظ فراہم کرے۔ جس طرح جسمانی یا ذہنی معذور بچے خاندان میں پیار و محبت سے پلتے ہیں ان کو بھی خاندان کا تحفظ حاصل ہونا چاہیے۔ پہلے پہل خاندانوں میں ایسے لوگ ہوتے بھی تھے تو تشہیر نہیں کی جاتی تھی۔ بیٹی کی صورت میں گھریلو زندگی گزار کر یا بیٹا بن کر تلاش معاش کر کے مردانہ انداز میں پاکیزہ زندگی گزار کر رخصت ہو جاتے تھے۔ اس وقت یہ بحث بہت سادہ نہیں ہے۔ جس طرح خواتین پر تشدد کی آڑ میں مادر پدر آزادی کے ایجنڈے پر کام کر کے نکاح کو مسدود کرنے کی راہ ہموار کی جا رہی ہے، اسی طرح ٹرانس جینڈر کے حقوق کے تحفظ کا قانون منظور کر کے کس سمت پیش رفت کی جا رہی ہے؟ اس کو سمجھنے کے لیے ضروری ہے کہ جائزہ لیں کہ اس قانون میں ٹرانس جینڈر کی تشریح کیا کی گئی ہے اور یہ بل ہے کیا؟

پاکستان میں خنثی افراد کو ۲۰۱۲ میں سرکاری طور پر تیسری صنف کے طور پر تسلیم کیا گیا تھا۔ تاہم، یہ لوگ معاشرے میں بدستور عدم مساوات اور امتیازی سلوک کا شکار رہے اس برادری سے تعلق رکھنے والے افراد کی جنس کی تشخیص سے متعلق سرجری کے لیے بھی عدالتی حکم، خاندان کی منظوری، ماہر نفسیات کا سرٹیفکیٹ اور طبّی مشورہ درکار ہوتا ہے۔ اس سلسلے میں پاکستان کی سپریم کورٹ نے حکم دیا تھا کہ حکومت شناختی کارڈ پر مخنث برادری کے لوگوں کا اندراج تیسری صنف کے طور پر کرے۔ حکومت کے اس اقدام کے تحت ان لوگوں کے لیے ہیلتھ کارڈ کا اجرا بھی وہی ادارہ، یعنی نادرا کرے گا جو شناختی کارڈ جاری کرتا ہے۔ پھر یوں ہوا کہ ۲۰۱۸ میں ۲۱ سالہ ماریہ ملک پاکستان کی پہلی ٹرانس جینڈر نیوز کاسٹر بن گئیں اس کے علاوہ ملک کے سرکاری اداروں میں بھی انہیں ملازمتیں فراہم کی جانے لگیں ں تو ایک سوچے سمجھے مقصد کے تحت ٹرانس جینڈر کے نام سے ایک قانون پاس کرایا گیا یعنی اس ایکٹ کا آغاز جولائی ۲۰۱۸ میں ہوا پیپلز پارٹی کے چار سینیٹروں، روبینہ خالد (پیپلز پارٹی خیبر پختونخواہ) عرفان (مسلم لیگ ق بلوچستان) کلثوم پروین مسلم لیگ ن بلوچستان) مسٹر کریم احمد خواجہ (پیپلز پارٹی، سندھ) نے یہ بل قومی اسمبلی میں پیش کیا جو "خواجہ سرا" کے حقوق کا سہارا لے کر پیش کیا گیا اس ایکٹ کے تحت ڈرائیونگ لائسنس بنانے اور ہراسانی سے تحفظ کی سہولت ملی اور ان سے بھیک منگوانے والے پر پچاس ہزار روپے جرمانہ کی سزا بھی متعین کی گئی۔ اس بل کی حمایت مسلم ن لیگ، تحریک انصاف اور تمام لبرل پارٹیوں نے اپنے تمام تر اختلافات بھلا کر کی اس طرح یہ بل قانونی حیثیت اختیار کر گیا اور اسلامی جمہوریہ پاکستان میں اسی بل سے فائدہ اٹھاتے ہوئے پچھلے چار سال میں تیس ہزار سے زائد لوگوں

نے اپنی جنس تبدیل کروائی ایک رپورٹ کے مطابق نادرا کو جنس تبدیلی کی قریباً ۲۹ہزار درخواستیں موصول ہوئی ہیں۔ ان میں سے ۱۶۵۳۰ مردوں نے اپنی جنس عورت میں تبدیل کروائی جب کہ ۱۵۱۵۴ عورتوں نے اپنی جنس مرد میں تبدیل کروائی۔ خواجہ سراؤں کی مجموعی طور پر فقط ۳۰ درخواستیں موصول ہوئیں جن میں سے بھی ۲۱ نے مرد کے طور پر اور ۹ نے عورت کے طور پر اندراج کی درخواست کی۔ اس بل کو ایک مرتبہ پھر جدت اور تمام سیاسی پارٹیوں کی حمایت کے ساتھ پی ٹی آئی کی حکومت میں وفاقی وزیر انسانی حقوق شیریں مزاری نے پیش کیا۔ جہاں تمام سیاسی پارٹیاں متحد تھیں وہیں جماعت اسلامی کے سینیٹر مشتاق احمد نے کہا کہ ٹرانس جینڈر امریکی اصطلاح ہے، اس کی اسلام میں گنجائش نہیں ٹرانس جینڈ رافراد کے حوالے سے قانون سازی قرآن و سنت کے منافی ہے اور اس سے ہم جنس پرستی کو فروغ ملے گا اور یہ درست بھی ہے کیونکہ اس ٹرانس جینڈر ایکٹ کے پیچھے LGBT کا ایجنڈہ ہے. اب تحقیق کا رخ اس جانب موڑنا پڑے گا کہ جب تمام سیاسی جماعتیں باوجود شدید مخالفت کے اس ایکٹ پر متفق ہیں تو ایک شخص کیوں خلاف ہے ؟

تحقیق سے یہ راز کھلا کہ بد قسمتی یہ ہے کہ اکثر یورپی ممالک میں بھی یہ قانون نافذ نہیں ہوا۔ ہمارے پڑوسی ملک بھارت نے بھی جنسی شناخت کا فیصلہ ایک میڈیکل بورڈ کے سپرد کیا ہے، وہ بورڈ فیصلہ کرے گا کہ آیا یہ شخص سچ میں خواجہ سرا ہے یا نہیں۔ لیکن ہمارے ملک میں اس نئے ایکٹ کے مطابق یہ فیصلہ اسی شخص کے ہاتھ میں ہے جو اپنا جنس تبدیل کرنا چاہتا ہے۔ یہ بل نہ صرف اسلامی تعلیمات کے یکسر خلاف ہے بلکہ بنیادی اخلاقیات کے بھی یکسر منافی ہے۔ اس بل سے مرد اس قابل ہو گیا ہے کہ وہ اپنی جنسی شناخت تبدیل کر کے عورت بن سکتا ہے اور عورتوں کے مخصوص مقامات یعنی بیت الخلاء، بیوٹی پارلر وغیرہ میں جا سکتا ہے اور چونکہ قانون کی رو سے وہ ایک عورت ہے، اس لیے وہ دوسرے مرد سے شادی بھی کر سکتا ہے۔ اس طرح عورت بھی اپنی جنس تبدیل کر سکتی ہے اور یہ عمل اتنا آسان ہے کہ کوئی بھی شخص نادرا جا کر صرف یہ کہے کہ وہ عورت کی طرح محسوس کرتا ہے اور نادرا اسے عورت رجسٹر کر دے گا بنا کسی تحقیق و تصدیق کے۔ بد قسمتی سے سینیٹر مشتاق احمد خان کی" طبّی معائنے کی" اس مبنی بر انصاف اور بہترین تجویز اور ترمیم کے لئے وہ اکیلے ہی یہ جنگ لڑ رہے ہیں۔ جبکہ ہم سب کی ذمداری ہے اس کے خلاف جنگ لڑیں یا کم از کم ہم اتنا تو کر سکتے ہیں کہ اپنے اہل و عیال اور عزیز و اقارب کو اس فتنے سے آگاہ کریں کیونکہ اکثریت اس بل سے ناواقف ہے۔ ٹرانس جینڈر کے نام پر ہم جنس پرستی کو فروغ دیا جا رہا ہے اور اس مقصد کی کامیابی کے لیے "خواجہ سرا" کے حقوق کا پرچار کر کے اس ایکٹ کو قانونی حیثیت دی گئی جس کی ہمارا اسلام ممانعت کرتا ہے۔ یہ ایکٹ اسلامی اصولوں کے بلکل منافی ہے۔ اس ایکٹ کی آڑ میں گناہوں کا ایک ایسا سلسلہ شروع ہو گا جس کا سد باب مشکل ہو جائے گا۔ ٹرانس جینڈر یہ ایک کمیونٹی ہے، ایک منفی کلچر ہے، ایک بد تہذیبی ہے اور ایک مکمل جنسی آوارگی اور بے راہ روی ہے اس کلچر کو خواجہ سراؤں سے کوئی ہمدردی نہیں وہ انہیں بھی ایک سیکس گروپ کے طور پر لیتے ہیں۔ چنانچہ ۲۰۱۸ کے ایکٹ میں جنس کے تعین یا جنس کی تبدیلی کا اختیار خود فرد کو دے دیا گیا ہے اس میں خواجہ سرا کی قید بھی نہیں کیونکہ اس بل کے تحت ۱۸سال سے زائد مرد یہ کہے کہ وہ عورت کی طرح محسوس کرتا ہے تو قانون کے حساب سے نادرا بنا میڈیکل رپورٹ کے اسے عورت قرار دے گی اور اس سے عورتوں کا پردہ بھی اثر انداز ہو گا جو ان کے اوپر شرعی فرض ہے کیونکہ وہ جو اصل میں مرد ہے مگر نادرا کے اعتبار سے

عورت ہے وہ عورتوں کے بیت الخلاء اور دیگر جگھوں پر جا سکے گا اور عورتوں کے بیچ رہ سکے گا، اسی طرح اگر کوئی عورت یہ کہے کہ وہ مرد کی طرح محسوس کرتی ہے تو قانون کے حساب سے وہ مرد بن جائے گی اور سارے مرد والے حقوق ان پر لاگو ہونگے یعنی جو پیدائشی طور پر عورت ہے مگر نادرا میں مرد رجسٹرڈ ہے وہ وراثت میں اپنا حصہ دگنا کرواسکتی ہے اس سے جو معاشرے میں بگاڑ پیدا ہوگا وہ ناقابل فراموش ہوگا ایک تو اللہ کی نافرمانی ہوگی اور اسے طرح معاشرے میں ہم جنس پرستی، زنا بدفعلی پیدا ہوگی وراثت کے جھگڑے شدت اختیار کریں گے۔ عورت عورت سے شادی اور مرد مرد سے شادی کرپائے گا جو دین اسلام کے خلاف ہے اور کبیرہ گناہ ہے اس طرح پورا خاندان اثرانداز ہوجائے گا کیونکہ اللہ پاک نے مرد اور عورت سے نسل کا نظام بنایا ہے اور اس ایکٹ کے مطابق جو مکمل مرد ہے مگر کسی وجہ سے مردانہ صلاحیت سے محروم ہے وہ بھی ٹرانس جینڈر ہے۔اس ایکٹ کی وجہ سے ہم جنس پرستی اور ایک ہی جنس کے افراد کی باہمی شادی کا قانونی راستہ کھول دیا گیاہے۔اب قانون کوئی گرفت نہیں کر سکتا۔ کوئی مرد عورت کا قومی شناختی کارڈ بنواکر عورتوں کی سیٹ پر ملازمت حاصل کر سکتا ہے۔خواتین کے تعلیمی اداروں میں ٹیچر لگ سکتا ہے۔خواتین کی محفلوں، مجلسوں میں جا سکتاہے۔کوئی عورت مرد بن کر وراثت میں اپنا حصہ بھائیوں یا بیٹوں کے برابر لے سکتی ہے۔اس ایکٹ سے اصلی خواجہ سراؤں کو تو فائدہ ہوگا یا نہیں مگر جعلی مرد اور عورت اس سے بھرپور فائدہ اٹھارہے ہیں۔اللہ پاک نے عورت اور مرد کے لئے نکاح کا حکم دیا ہے اور اسی طرح معاشرے میں زنا، بدکاری اور ہم جنس پرستی جیسی برائیاں ختم ہوتی ہیں اور اسی سے اللہ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔۔ مسلم لیگ ن ہو یا پی پی یا پی ٹی آئی یا دوسری جماعتیں وہ طبّی معائنے کی حمایت کے بجائے بے شمار خطرات و خدشات کے حامل موجودہ ایکٹ کو مضمرات سمیت نافذ کرنے کی حامی ہیں جبکہ سینیٹر مشتاق احمد خان طبّی معائنے کی اس مبنی برانصاف اور بہترین تجویز اور ترمیم کے خلاف اکیلے ہی یہ جنگ لڑ رہے ہیں اس ایکٹ کی ترمیم اس تبدیلی کو میڈیکل ٹیسٹ کے ساتھ مشروط کرتی ہے مرد سرجن، لیڈی سرجن اور ماہر نفسیات پر مشتمل بورڈ یہ فیصلہ کرے کہ درخواست گزار مخنث ہے یا نہیں اور اس کا اندراج کس طرف ہونا چاہئے۔خیال رہے کہ برطانیہ میں بھی ۲۰۰۴ میں جنسی تعین کے ایکٹ میں طبّی معائنے اور طبّی سرٹیفکیٹ کو لازمی قرار دیا گیا جب کہ پاکستان جینڈر ایکٹ ۲۰۱۸ میں کسی بھی میڈیکل بورڈ کی رائے کے بغیر اپنی صوابدید پر مرد سے عورت یا عورت سے مرد بننے اور تبدیلئ جنس کا آپریشن کروانے کی کھلی چھٹی دی گئی ہے۔ جس کے نقصانات واضح ہیں اہل اسلام ہونے کے ناتے یہ ہمارا فرض ہے کہ ہم اس گناہ کبیرہ کو شریعت کی روشنی میں لوگوں کے سامنے واضح کریں اور اس فتنے سے آگاہ کریں کیونکہ یہ ملک اسلامی ریاست ہے اور اس میں قانون بھی وہی ہونے چاہئیں جو اللہ کی رضا کے لیے ہوں ان کے حکم کے خلاف نہ ہوں۔

ٹرانس جینڈر اور اسلام کی ناپسندیدگی

تمام بڑے اسلامی فقھوں کے مطابق ہم جنس پرستی ممنوع ہے۔اسلام ایسے تمام رجحانات کو غیر فطری سمجھتا ہے اور اسے جنس کے فطری تقاضوں اور مقاصد کی خلاف ورزی گردانتا ہے انسانی تاریخ میں ہم جنسی کی ابتداء کی خبر ہمیں رب العالمین کے کلام بلاغت سے ملتی ہے قرآن کریم ہم جنس پرستی کے بارے میں کیا حکم دیتا ہے قرآن کریم کے مطالعے سے معلوم ہوتا ہے کہ

ہم جنس پرستی کا آغاز حضرت لوط علیہ السلام کی قوم نے کیا۔ان سے پہلے دنیا کی قوموں میں اس عمل کا عمومی معاشرتی سطح پر کوئی رواج نہ تھا۔یہی بدبخت قوم ہے جس نے اس ناپاک عمل کو ایجاد کیا اور سب سے بڑی بے حیائی یہ تھی کہ وہ اپنی اس بدکرداری کو عیب نہیں سمجھتے تھے بلکہ علی الاعلان فخر کے ساتھ اس کو سر انجام دیتے تھے۔جس کا ذکر قرآن کریم کی سورۃ الاعراف میں ارشاد ہے:

"وَلُوطًا إِذ قَالَ لِقَومِهِۦٓ أَتَأتُونَ ٱلفَٰحِشَةَ مَا سَبَقَكُم بِهَا مِن أَحَدٍ مِّنَ ٱلعَٰلَمِينَ"

"اور لوط (کا ذکر کرو) جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا: کیا تم ایسی بے حیائی کے مرتکب ہوتے ہو کہ تم سے پہلے دنیا میں کسی نے اس کا ارتکاب نہیں کیا۔"

"إِنَّكُم لَتَأتُونَ ٱلرِّجَالَ شَهوَةً مِّن دُونِ ٱلنِّسَآءِبَلأَنتُم قَومٌمُّسرِفُونَ"

"تم عورتوں کو چھوڑ کر مردوں سے اپنی خواہش پوری کرتے ہو، بلکہ تم تو تجاوز کار ہو" (8)

قرآن وحدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ قوم بدفعلی اور بدکاری کرتی تھی قرآن حکیم میں عمل قوم لوط کے دردناک اور رسواکن عذاب کا تذکرہ کئی مقامات پر بار بار آیا ہے جس میں رہتی دنیا تک کے لئے عبرت ہے. اللہ پاک کا غیض وغصہ اتنا تھا کہ پہلے پکی مٹی کے پتھر لگاتار بارش کی طرح برسائے اور پھر پوری کی پوری بستیوں کو اٹھا کر الٹ دیا گیا،زمین میں دھنسا دیا اور اللہ نے ان کے گھروں کو جڑ سے اکھاڑ کر آسمان کی طرف اتنا اونچا اٹھایا کہ فرشتوں کو ان کے کتوں کے بھونکنے اور گدھوں کے ہینگنے کی آوازیں سنائی دینے لگیں پھر وہاں سے انہیں پٹخ کر زمین پر دے مارا وہ قوم غرق کر دی گئی. اور پھر فرمایا مجرموں کا یہی انجام ہے۔

فَأَنجَيْنَاهُ وَأَهْلَهُ إِلَّا امْرَأَتَهُ كَانَتْ مِنَ الْغَابِرِينَ O وَأَمْطَرْنَا عَلَيْهِم مَّطَرًافَانظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُجْرِمِينَ

تو ہم نے لوط کو، اور اُس کے گھر والوں کو (اُس عذاب سے) بچا لیا، سِوائے لوط کی بیوی کے وہ پیچھے (اُن ہی ہم جِنس پرستوں میں ہی)

رہ جانے والوں میں سے تھی۔اور ہم نے اُن (ہم جِنسوں) پر (مٹی کے کنکروں کی)

بارش کر دِی، پس دیکھو کہ جُرم کرنے والوں کا کیا انجام ہوتا ہے۔(9)

اللہ پاک اپنی نا صرف ناپسندیدگی کا اظہار فرما رہا ہے بلکے سخت سزاء بھی مقرر کر رہا ہے ان آیات سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ہم جنس پرستی کتنی بڑی لعنت ہے اسلام دین فطرت ہے۔اس نے جن چیزوں سے رکنے کا حکم دیا ہے یقینا وہ کسی نہ کسی مصلحت پر مبنی ہے، جن میں سے کچھ کا احساس ہمیں ہو پاتا ہے اور کچھ کا نہیں۔ہم جنسی بھی فحش عمل اور بدکاری ہے جس سے اسلام نے منع کیا ہے اور جس کے برے نتائج آرہے ہیں اور آتے رہیں گے۔اس سے بچنا خدا کا حکم ہے اور خدا کے حکم کے سامنے سر تسلیم خم کرنا فرض ہے۔قرآن کے بعد مزید رہنمائی ہمیں نبی ﷺ کے ذریعے سے ملتی ہے کہ اس جرم کا ارتکاب کرنے والوں کو سخت ترین سزاؤں کا حکم دیا جائے اس عمل کے بارے نبی کریم ﷺ کی ناپسندیدگی اس قدر تھی کہ آپؐ نے فرمایا

" تم جسے قوم لوط والا عمل کرتے ہوئے پاؤ تو فاعل اور مفعول دونوں کو قتل کر دو" (10)
یعنی فاعل اور مفعول کو قتل کرنے کا حکم ہے۔ نبی کریم ﷺ نے یہ بھی فرمایا کہ
"ہم جنس پرستی ایک بدترین گناہ ہے اور یہ ایسا گناہ ہے کہ جس سے معاشرے کو پاک رکھنا اسلامی حکومت کا فرض ہے۔" (11)

رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں ایسا کوئی مقدمہ سامنے نہیں آیا تھا اس لئے قطعی طور پر یہ متعین نہ ہو سکا کہ سزا کیسے دی جائے۔اس عمل کی کراہت صحابہ کے نزدیک بھی بہت ہے اور انہوں نے آیات وحدیث کی روشنی میں اس عمل کی سزا بھی مقرر فرمائی کہ ان بدکاروں کو اونچائی والی جگہ یا پہاڑ سے گرا کر پتھر سے مارنا ہے اور کسی صحابی کے نزدیک ایسے فعل کرنے والوں کو زندہ جلا کر مار دینے کا حکم ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ اور حضرت ابو بکر رضی اللہ اسی کے قائل ہیں اور دونوں ہستیوں کی رائے میں فاعل و مفعول کو تلوار سے قتل کر دیا جائے اور پھر لاشوں کو جلا دیا جائے۔بعض کے نزدیک ایسا کرنے والوں کو رجم کیا جائے حتیٰ کہ وہ مر جائے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے میں دونوں کو کسی بوسیدہ عمارت کے نیچے کھڑا کر کے عمارت اوپر گرادی جائے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بھی اسی رائے کو مانا ہے ۔ کچھ دوسرے صحابہ کرام کی رائے میں ایسے دو لوگوں کو کسی اونچی جگہ یا پہاڑ سے گرا کر اوپر سے بھاری پتھر گرایا جائے۔بعد کے فقہا نے بھی اس مسئلے پر بہت سخت موقف اختیار کیا ہے۔اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ قرآن اور حدیث کی رو سے یہ کتنا گھناؤنا اور قبیح جرم ہے جسکی شدت کا احساس تک ہمارے حکومتی کارندوں کو نہیں ہے۔

ٹرانس جینڈر ایکٹ ۲۰۱۸ فقہ اثناء عشری،ایرانی آئین کی روشنی میں تحقیقی جائزہ

۱۸ دسمبر ۲۰۰۸ کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں " جنسی واقفیت اور شناخت پر اقوام متحدہ کا اعلامیہ " پیش کیا گیا۔ اس اعلان کا بنیادی مقصد لوگوں کی شناخت اور جنسی رجحان کی بنیاد پر کسی بھی امتیازی سلوک، تشدد، تشدد، بے حرمتی، تعصب اور منفی تعصب کی نفی کرنا تھا۔ اقوام متحدہ کے ۶۷ ارکان نے اس اعلامیہ کی شقوں کی منظوری دی لیکن اسلامی کانفرنس تنظیم کے ارکان بشمول ایران پہلے ممالک میں شامل تھے جنہوں نے اس اعلامیے کی شقوں کی مخالفت کی اور اب ایک مرتبہ پھر ٹرانس جینڈر ایکٹ ۲۰۱۸ کی مخالفت کرتا ہے آخر اس کا سبب کیا ہے ؟اسپر ایک تحقیقی جائزہ پیش خدمت ہے۔

جنس کی تبدیلی ابھرتے ہوئے مسائل میں سے ایک ہے جو تجرباتی اور طبّی علم میں ہونے والی ترقی کی وجہ سے ممکن ہوا ہے۔ جنس کی تبدیلی کے عمل میں دنیا کے چاروں کونوں میں لوگوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کی وجہ سے یہ مسئلہ رفتہ رفتہ سب سے اہم اور چیلنجنگ مسائل میں سے ایک بن گیا ہے اور یہ مسئلہ ذہنوں میں بار بار آنے لگا ہے کہ کیا یہ عمل جنس کی تبدیلی فقہا کے نزدیک جائز ہے ؟ صنفی تبدیلی اس کے عمومی معنی میں خنثی اور ٹرانس جینڈر لوگ شامل ہیں۔ خنثی لوگوں کی جنس کی تبدیلی کے بارے میں فقہ اثناء عشری اور مکتب اہل سنت کے فقہاء کے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے اور تقریباً اکثر فقہاء نے ایسے لوگوں کی جنس کی تبدیلی کی اجازت کو قبول کیا ہے (علاج کی بنیاد پر)۔ البتہ فقہ اثناء عشری اور مکتب اہل سنت کے فقہاء کے

درمیان غیر جنس پرست لوگوں کی جنس کی تبدیلی کے بارے میں اختلاف ہے۔ اس بارے میں مجموعی طور پر تین آراء سامنے آئی ہیں۔ مطلق ممانعت، مطلق جواز اور مشروط جواز۔ مکتب اہل سنت کے فقہاء کی اکثریت کے ساتھ ساتھ بعض فقہ اثناء عشری فقہا بھی جنس کی تبدیلی کی قطعی ممانعت کے قائل ہیں۔ انھوں نے اپنی رائے کو ثابت کرنے کے لیے کئی اسباب بیان کیے ہیں، جن میں سب سے اہم آیات و روایات ہیں۔دوسری طرف، اکثر فقہ اثناء عشری کے فقہاء صنفی تبدیلی کے مطلق جواز پر یقین رکھتے ہیں۔ صنفی تبدیلی کے مخالفین کے بعض دلائل کو رد کرتے ہوئے انہوں نے اپنی رائے کو ثابت کرنے کے لیے کئی وجوہات بیان کی ہیں جن میں سے ایک اہم فحاشی کا اصول ہے۔ واضح رہے کہ بیشتر قانونی نظاموں نے مشروط جواز بھی دیا ہے۔ جنس کی تبدیلی کسی شخص کی ذاتی اور سماجی زندگی پر فقہی اور قانونی اثرات چھوڑتی ہے، جس میں شادی، وراثت، جہیز وغیرہ شامل ہیں۔ چونکہ مکتب اہل سنت کے فقہاء جنس کی تبدیلی کو حرام سمجھتے ہیں، اس لیے ان پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوتا۔ لیکن فقہ اثناء عشری کے فقہا موجودہ جنس پر غور کرتے ہیں اور نئی جنس کی بنیاد پر اس کا علاج کرتے ہیں۔ جنس تبدیلی ایک اہم مسئلہ ہے جو نہ صرف طبّی نقطہ نظر سے بلکہ قانونی نقطہ نظر سے بھی اہم ہے۔ اگرچہ ماضی میں یہ مسائل کم و بیش موجود تھے لیکن اب ٹیکنالوجی اور میڈیکل سائنس کی ترقی سے ہمارے سامنے نئی جہتیں کھل گئی ہیں۔ دوسری طرف، زیادہ تر قانونی نظاموں میں اور عصری فقہاء کی رائے کے مطابق، اگر طبّی لحاظ سے ضروری ہو تو جنسی تبدیلی کی اجازت ہے۔ لہٰذا، اگر کوئی شخص جنس تبدیل کرنے کی کوشش کرتا ہے، تو یہ تحقیق کرنا ضروری ہے کہ اس مسئلے کے قانونی و فقہی اثرات کیا ہیں؟ دوسری چیزوں کے علاوہ، جنس کی تبدیلی کے بعد جوڑے کا ایک دوسرے سے رشتہ کیسے ہوگا؟ کیا شادی وہی رہے گی یا ازدواجی رشتہ از خود ختم ہو جائے گا؟ جہیز کا مسئلہ کیسے حل ہوتا ہے، کیا عورت جہیز کی حقدار ہے؟ اولاد کی تعداد، وراثت، ولایت اور سرپرستی وغیرہ کا معاملہ کیا ہو گا؟ جبکہ ان تمام نکات کو ۲۰۱۸ کے ٹرانس جینڈر بل میں یکسر فراموش کر دیا گیا ہے جبکہ ایرانی آئین ان تمام نکات پر قانون سازی کرتا ہے۔

ایرانی آئین کے مطابق

ماضی میں صنفی تبدیلی کا کوئی وجود نہیں تھا، اور ٹیکنالوجی کی ترقی اور طبّی علم کی ترقی کے ساتھ، یہ آج ایران سمیت بہت سے ممالک ممکن ہے۔ "صنف کی تبدیلی" کا عنوان اور معاصر فقہاء نے استفتاء کے نام سے مشہور مقالوں اور کالموں کے علاوہ، طبّی فقہ میں لکھے گئے مقالات اور بعض اوقات مضامین نے بھی اس پر تبصرہ کیا ہے مسلم فقہاء نے اس مسئلہ کے احکام کا مطالعہ کیا ہے اور اس پر اپنا نظریہ بنایا ہے۔اسلامی جمہوری ایران میں فقہ اثناء عشری رائج ہے اور یہاں کا آئین و قانون اسی فقہ کے عین مطابق ہے آئین ایران سے مراد علماء، فقہاو مجتہدین کے فتوے۔

"محمد مہدی کریمینیہ (محقق اور کتاب صنفی تبدیلی کے مصنف) کے مطابق، سید روح اللہ خمینی ایران کے پہلے فقیہ تھے جنہوں نے اپنے فقہی مباحث میں ۱۳۴۳ھ میں صنفی تبدیلی کے شرعی حکم پر تبصرہ کیا۔جو تحریر الوسیلہ کتاب میں شامل ہے۔" (12)

"جنس کی تبدیلی کے لیے پہلی سرجری ایران میں ۱۳۰۹ میں کی گئی تھی، جس کے دوران ایک ۱۸ سالہ لڑکے کی سرجری

